# 2024/2025

# گھرانہ درخواست برائے
# طالب علم مالیاتی معاونت اسکیمز




سٹوڈنٹ فنانس آفس
کام کرنے والے خاندان اور طلبہ کی مالی معاونت ایجنسی

(Urdu)

"گھرانہ درخواست فارم برائے طالبعلم مالیاتی معاونت اسکیمز" ایک ایسا خاندانی درخواست فارم ہے جو ابتدائی اور ثانوی اسکول (اسکولوں) یا کنڈر گارٹن(ز) یا چائلڈ کیئر سینٹر(ز) میں شریک طلباء اور خاندانوں کو سٹوڈنٹ فنانس معاونت کے لیے درخواست دینے میں سہولت فراہم کرتا ہے۔

## معیار اہلیت

(i) درخواست گزار لازماً وسائل ٹیسٹ پاس کرے اور درخواست گزار طالب علم کے والدین یا سرپرست (جیسا کہ نابالغ افراد کی سرپرستی کے آرڈیننس، کیپ 13 کے تحت تسلیم شدہ) میں سے کوئی ایک ہو۔ بصورت دیگردرخواست دہندگان لازماً ثبوت کے ساتھ تفصیل سے وضاحت بھی کریں کہ اس کی تعمیل درخواست فارم میں کیوں نہیں کی جاسکتی؛

(ii) طلباء درخواست گزار لازماً ہانگ کانگ کے غیر شادی شدہ رہائشی ہوں، درخواست دہندگان کے خاندان کے ساتھ رہائش پذیر ہوں، وہ ہانگ کانگ میں قیام کے حق، زمین کے حق کے حامل ہوں، یا قیام کی بغیر کسی شرط رہنے کے لیے درست اجازت رکھتے ہوں (قیام کی حد کے علاوہ)۔ وزیٹر ویزا، دو طرفہ اخراج کے اجازت نامے، صرف طالب علم ویزا کے حامل طلباء یا جو طالب علم ویزا/ وزیٹر ویزا رکھنے والوں پر انحصار کرتے ہیں، طلباء کی مالیاتی معاونت کے لیے درخواست دینے کے اہل نہیں ہیں؛

(iii) کنڈر گارٹن میں (K1 سے K3) میں نرسری، لوئر اور اپر کلاس میں شرکت کرنے والے طالب علموں کے لیے لازمی ہے کہ وہ –

- 31 اگست 2024 کو کم از کم 2 سال 8 ماہ کی عمر کے ہوں (یعنی کہ 31 دسمبر 2021 کو یا اس سے قبل پیدا ہوئے ہوں)؛ اور
- ایجوکیشن بیورو (EDB) کے ساتھ رجسٹرڈ شدہ کنڈر گارٹن میں نرسری (K1)، لوئر (K2)، اور اپر (K3) کلاسز میں شرکت کر رہے ہوں۔ کنڈر گارٹن کو مفت معیاری کنڈر گارٹن تعلیمی اسکیم کے تحت مقامی نصاب کی پیشکش کرنے والا ایک غیر منافع بخش کنڈر گارٹن ہونا چاہیے۔

(iv) طالب علم درخواست دہندگان کے لیے جو چائلڈ کیئر سینٹرز (گروپ عمر 2-0 سال) اور چائلڈ کیئر سینٹرز (گروپ عمر 3-2 سال) میں شرکت کر رہے ہیں، انہیں چاہیے:

- محکمہ سماجی بہبود (SWD) کے ساتھ رجسٹرڈ **چائلڈ کیئر سینٹرز** (کنڈر گارٹن مع چائلڈ کیئر سینٹرز میں ڈے کریش، ڈے نرسریوں یا متعلقہ عمر کے گروپ) میں پورے دن کی دیکھ بھال کی خدمات حاصل کر رہے ہوں؛ اور
- اسی تشخیصی مدت وسائل کے اندر "سماجی ضروریات" ٹیسٹ پاس کیا ہو؛ اور

(v) طلباء جن اسکولوں میں شرکت کر رہے ہیں، وہ اس زمرے سے متعلق ہوں جس کے بارے میں مندرجہ ذیل اسکیموں میں بیان کیا گیا ہے:

## مالی معاونت کی اسکیمیں

- **کنڈر گارٹن اور چائلڈ کیئر سینٹر فیس کی رعائتی (KCFR) اسکیم** ضرورت مند خاندانوں کو ان کے مفت معیاری گارٹن تعلیمی اسکیم کے تحت یا چائلڈ کیئر سینٹرز میں ہمہ وقت بچے کی نگہداشت کی خدمات حاصل کرنے والے مقامی غیر نفع بخش کنڈر گارٹن اسکول کے نرسری، لوئر اور اپر کلاسز میں شرکت کرنے والے بچوں کے لیے رعایت کی شکل میں مالی معاونت فراہم کرتی ہے۔

- **کنڈر گارٹن طلباء کے لیے اسکول سے متعلق اخراجات کے لیے گرانٹ (Grant-KG)** ضرورت مند کنڈر گارٹن کے طلباء کو ایک اضافی گرانٹ فراہم کرتی ہے جو وسائل کا ٹیسٹ پاس کرسکتے ہیں اور اسکول سے متعلق اخراجات کی واپس ادائیگی کرنے جو نئی معیاری کنڈر گارٹن تعلیمی اسکیم کے تحت طالب علم کی کنڈر گارٹن کی تعلیم کے سبب واقع ہیں، KCFR اسکیم کے تحت اہلیت کے معیار پر پورا اترسکتے ہیں۔

- **اسکول ٹیکسٹ بک معاونت (TA) اسکیم** ضروری نصابی کتابوں اور متفرق اسکول کے اخراجات کا احاطہ کرنے کے لیے براہ راست سبسڈی اسکیم کے تحت سرکاری، ایڈ دئے جانے والے، فی فرد گرانٹ اسکولزاور مقامی اسکولز میں پرائمری 1 سے ثانوی 6 ضروت مند طالب علموں کو معاونت فراہم کرتا ہے۔

- **طالب علم سفر سبسڈی (STS)** اسکیم پرائمری یا ثانوی اسکول میں یا ایک تسلیم شدہ ادارے میں پہلے درجے کی سطح پر ایک کل وقتی ڈے کورس میں داخل ہونے والے ضرورت مند طلبہ کو سفری سبسڈی فراہم کرتی ہے؛ جو اپنے اسکولوں سے 10 منٹ سے زائد کی دوری پر رہتے ہیں؛ اور جن کو اسکول کے لیے پبلک ٹرانسپورٹ پر سفر کرنے کی ضرورت پڑتی ہے۔

- **انٹرنیٹ رسائی چارجز کے لیے سبسڈی (SIA) اسکیم** ضرورت مند خاندانوں کو ان کے بچوں کے لیے ای لرننگ کے لیے گھر پر انٹر نیٹ تک رسائی چارجز کے اخراجات پورا کرنے کے لیے سبسڈی فراہم کرتی ہے جس کے بچے پرائمری یا ثانوی سطح پر تعلیم حاصل کرنے والے کل وقتی طالب علم ہوں یا ڈپلومہ اپلائیڈ ایجوکیشن (DAE) پروگراموں کا مساویانہ ووکیشنل ٹریننگ کے کورسز (VTC) کر رہے ہوں(مثال کے طور پر، براڈ بینڈ انٹرنیٹ سروس پر چارجز یا فکسڈ یا موبائل ٹیلی کمیونیکیشن سروسز کے آپریٹرز کی طرف سے فراہم کردہ SIM کارڈز)۔ سبسڈی گھرانے کی بنیاد پر دی جاتی ہے۔اہل خاندانوں میں بچوں کی تعداد سے قطع نظرگھریلو بنیاد پر ایک یکساں شرح نقد گرانٹ وصول کریں گے۔

## درخواست کا طریقۂکار

درخواست میں سہولت اور ماحولیاتی تحفظ کے لیے دفتر مالیات برائے طلبہ (SFO) درخواست گزاروں کی حوصلہ افزائی کرتا ہے کہ وہ الیکٹرانک درخواست جمع کروائیں۔ اگر خاندان تعلیمی سال 2024/25 کے لیے طالب علم کی مالی مدد کے لیے درخواست دینا چاہتے ہیں تو وہ "SFO کی ای-لنک – میرے درخواست(مالی تعاون کے اسکیم برائے پری-پرائمری، پرائمری اور سیکنڈرل لیول)" (https://ess.wfsfaa.gov.hk/espps) تک رسائی پا سکتے ہیں تاکہ آن-لائن الیکٹرانک درخواست فارم مکمل یا جمع کر سکیں، یا تمام درکار معاون دستاویزات کے ساتھ SFO کو براہ است بذریعہ ڈاک مکمل شدہ کاغذی درخواست فارم (SFO 106B یا SFO 7B) واپس کرسکیں۔ درخواست دہندگان کو چاہیے کہ فارم مکمل کرنے سے پہلے گھریلو درخواست کے ہدایات کو غور سے پڑھیں۔ ہر خاندان کو صِرف ایک درخواست پیش کرنا چاہیے۔ ایک ہی درخواست گزار کی کثیر درخواستوں کو نظر انداز کردیا جائے گا اور یہ درخواست پر کارروائی میں تاخیر پر منتج ہوگا۔ درخواست کے طریقۂ کار کی تفصیل درج ذیل ہے۔

**<u>(i)پرائمری اور سیکنڈری طلباء کی مالی معاونت کے لیے درخواستوں پر قابل اطلاق</u>**

| تقریباً وقت | طریقہ ہائے کار |
|---|---|
| مئی 2024 میں یا اس کے اختتام سے قبل | درخواست دہندگان سے تقاضا کیا جاتا ہے کہ وہ الیکٹرانک درخواست فارم مکمل کریں، تمام درکار دستاویزات کی نقول اپلوڈ کریں اور انہیں ایک ساتھ آنلائن جمع کروائیں، یا وہ مہیا کردہ لفافہ اِستعمال کرتے ہوئے کاغذ پر مبني مکمل شدہ درخواست فارم مع ضمني فارم (اگر قابل اطلاق ہو) اور متعلقہ معاونتی دستاویزات کی نقول بذریعہ ڈاک، SFO کو جمع کروائیں۔ |
| **ان درخواست دہندگان کے لیے جنہیں 2023/24 میں اسکول ٹیکسٹ بک معاونت دی گئی ہے** | |
| جولائی/ اگست 2024 | اگرامیدواران 31 مئی 2024 تک یا اس سے قبل درخواستیں جمع کروا رہے ہیں، انہوں نے متعلقہ دستاویزات کے ہمراہ تمام ضروری معلومات فراہم کر دی ہیں، اہلیت کے معیار پر پورا اترے ہیں اور وسائل امتحان میں کامیابی حاصل کرلی ہے تو SFO تقریباً جولائی/ اگست 2024 میں خود کار ادائیگی کے ذریعے اہل طلباء کوعبوری اسکول ٹیکسٹ بک معاونت اور اہل خاندانوں کو انٹر نیٹ رسائی چارجز کے لیے سبسڈی جاری کرے گا۔ آن لائن درخواستیں جمع کرنے والے درخواست دہندگان کو عبوری اسکول ٹیکسٹ بک معاونت اور انٹرنیٹ کی رسائی کے لئے سبسڈی کاغذی فارم جمع کرنے والے درخواست دہندگان کے مقابلے میں پہلے ملے گی - SFO تقریباً جولائی / اگست 2024 میں امیدواران کو نتیجے کی اطلاع# بھی جاری کرے گا۔<br>وسائل ٹیسٹ میں ناکام رہنے والے، SFO کی جانب سے مقررہ مدت تک درکار اضافی معلومات کی فراہمی میں ناکام رہنے والے یا اپنی درخواستوں سے دستبردار ہونے والے خاندانوں کو "نا اہلیت کا نوٹیفیکیشن" جاری کیا جائے گا؛ |
| اختتام اکتوبر / نومبر 2024 سے شروع | ان طلباء کے لیے جنہیں عبوری TA دیا گیا تھا، SFO سبسڈیز کی رقم جس کے لیے درخواست گزار اہل ہیں کا دوبارہ تخمینہ اور تعین کرے گی اور درخواست دہندگان کے لیے باقی سبسڈی کی رقم جاری کرے گی یا درخواست دہندگان سے زائد ادائیگی کی وصولی کرے گی، جب بھی تعلیمی سال 2024/25 کے لیے ٹیکسٹ بک گرانٹ کی شرحیں دستیاب ہوں گی اور جب EDB کے ڈیٹا بیس کے ساتھ درخواست گزار طلباء کی اسکول کی معلومات کی تصدیق ہو چکی ہو (تقریباً اواخر اکتوبر / نومبر 2024)۔ |
| **ان درخواست دہندگان کے لیے جنہیں 2023/24 میں اسکول ٹیکسٹ بک معاونت نہیں دی گئی یا جن کے بچے 2024/25 میں P1 میں شریک ہیں۔** | |
| اگست 2024 | اگر 31 مئی 2024 تک یا اس سے قبل درخواستیں جمع کرانے والے درخواست دہندگان نے تمام متعلقہ دستاویزات کے ہمراہ تمام ضروری معلومات فراہم کر دی ہیں تو SFO اگست 2024 سے اہل درخواست دہندگان کے لیے "نتیجے کی اطلاع" #، طالب علم کی بنیاد پر اہلیت کے سرٹیفکیٹ (EC) اور "مالی معاونت کے منصوبوں کے لیے درخواست پر رہنما نوٹس" کا اجراء کرے گا۔ وسائل ٹیسٹ میں ناکام رہنے والے، SFO کی جانب سے مقررہ مدت تک درکار اضافی معلومات کی فراہمی میں ناکام رہنے والے یا اپنی درخواستوں سے دستبردار ہونے والے خاندانوں کو "نا اہلیت کا نوٹیفیکیشن" جاری کیا جائے گا۔ |
| ستمبر 2024 | ECs وصول کرنے والے درخواست دہندگان کے لیے ذاتی معلومات اور منتخب اسکیم (وں) کی توثیق احتیاط سے کرنا لازمی ہوگا ECs پر پہلے سے بھرا ہوا ہے۔ درخواست دہندہ کو پراسیسنگ کے لیے <u>اسکول کے آغاز کی تاریخ کے بعد اندرون ایک ہفتہ جس میں بچے شرکت کر رہے ہوں، مکمل شدہ ECs کو واپس کرنا ہے یا ECs کے جاری کرنے کی تاریخ سے دو ہفتوں کے اندر (جو بھی بعد میں ہو)</u>۔ اسکول طالب علم درخواست گزار کی حیثیت اور حاضری کی تصدیق کریں اور اس کے بعد ECs کو SFO کو بھجوائے گا۔عام طور پر SFO حتمی تاریخ کے بعد کسی داخل شدہ ECs کو قبول نہیں کرے گا۔ |

| | |
|---|---|
| اواخر اکتوبر / نومبر 2024 یا آگے | واپس کردہ ECs کی تصدیق کے بعد SFO ان طلباء کے لیے جن کا متعلقہ اسکیموں کے لیے اہل ہونے کی تصدیق ہو جائے گی 'جن کے لیے انہوں نے درخواست دی ہے' خود کار ادائیگی جاری کر دے گا۔ SFO متعلقہ ادائیگی کی معلومات کے حوالے سے اہل درخواست دہندگان کو مطلع کرنے کے لیے ایس ایم ایس بھیجے گا، اگر درخواست دہندگان نے درخواست فارم میں اپنا مقامی یا درست موبائل فون نمبر فراہم کیا ہو گا۔ |

# وہ درخواست دہندگان جن کے تعلیمی سال 2024/25 بالترتیب میں پری پرائمری طلباء کے لیے مالی مدد کی درخواست کرنے والے بچے ہیں، SFO اہل خاندانوں کے اسکول سرٹیفکیٹ (SC) کے ساتھ "نتیجے کی اطلاع" جاری کر دے گا۔ براہ کرم تفصیلات کے لیے پری پرائمری طلباء کے لیے امداد کی درخواستوں پر قابل اطلاق ہے' سے رجوع کریں۔

**(ii)پری پرائمری طلباء کے لیےمالی معاونت کے لیے درخواستوں پر قابل اطلاق ہے**

| تقریباً وقت | طریقہ ہائے کار |
|---|---|
| **ان درخواست دہندگان کے لیے جنہیں صِرف 2023/24میں پری پرائمری طالب علموں کی حیثیت سے مالی معاونت دی گئی ہے (اس میں وہ طالب علم شامل نہیں جو 2024/25 تعلیمی سال میں P1 میں شرکت کریں گے)** | |
| جون 2024 میں یا اس کے اختتام سے قبل | درخواست دہندگان سے تقاضا کیا جاتا ہے کہ وہ الیکٹرانک درخواست فارم مکمل کریں، تمام درکار دستاویزات کی نقول اپلوڈ کریں اور انہیں ایک ساتھ آنلائن جمع کروائیں، یا مہیا کردہ لفافہ اِستعمال کرتے ہوئے کاغذ پر مبنی مکمل شدہ درخواست فارم مع "سماجی ضروریات" فارم (اگر قابل اطلاق ہو) اور متعلقہ معاونتی دستاویزات کی نقول بذریعہ ڈاک، SFO کو جمع کروائیں۔ |
| اگست 2024 یا اس کے بعد | اگر30 جون 2024 تک یا قبل درخواستیں جمع کرانے والے درخواست دہندگان نے تمام معاونتی دستاویزات کے ہمراہ تمام ضروری معلومات فراہم کر دی ہیں تو SFO طالب علم کی بنیاد پر SC کے ساتھ اگست 2024 سے شروع اہل درخواست دہندگان کے لیے"نتیجے کی اطلاع" جاری کر دے گا۔ متعلقہ SC کا اطلاق صِرف طالب علم درخواست گزاروں پر ہوتا ہے جنہیں تعلیمی سال 2024/25 کے دوران کسی دیگر اسکول میں منتقل کیا جارہا ہے، جن کی جماعت اور سیشن پہلے سے بھرا ہوا شدہ سے مختلف ہیں یا جو پہلی بار پری پرائمری طلباء کے لیے مالی معاونت کی درخواست دے رہے ہیں۔ ایسی صورت میں درخواست دہندگان 31 اگست 2024 یا SC کی تاریخ اجراء کے اندرون دو ہفتےتک شریک اسکول کوبرائے 2024/25 پروسیسنگ کے لیےSC (جو بھی بعد میں ہے) جمع کرائے گا۔ |
| **ان درخواست دہندگان کے لیے جنہیں 2023/24میں پری پرائمری طلباء کی حیثیت سے مالی معاونت نہیں دی گئی ہے** | |
| جولائی 2024 یا اس کے بعد | SFO اسکولوں کے ذریعے SC کے ساتھ درخواست دہندگان کے لیے" گھرانہ درخواست فارم برائے طالبعلم مالیاتی معاونت اسکیمز" تقسیم کرے گا اور 1 اگست 2024 سے شروع ہونے والی درخواستیں وصول کرے گا۔ درخواست دہندگان جتنا جلد ممکن ہو سکے SFO کو براہ راست پُر شدہ کاغذ پر مبنی درخواست فارم بذریعہ ڈاک واپس کریں یا آن لائن الیکٹرانک فارم مکمل کریں اور داخل کروائیں اور پروسیسنگ کے لیے31 اگست 2024 سے قبل SC کو تعلیمی سال 2024/25 میں حاضر ہونے والے اسکولوں میں جمع کروانا لازمی ہوگا۔ |

**نوٹس**

(i) حالیہ جامع سوشل سیکورٹی معاونت کی وصولی (CSSA) کے حامل خاندان کے بچوں کا پرائمری اور ثانوی اسکولوں یا کنڈرگارٹن اور دیگر جماعتوں کے درجات میں زیر تعلیم ہونے کی صورت میں انہیں برائے تعلیمی سال 2024/25 اسکول فیس، امتحانی فیس، نصابی کُتب اور اسٹیشنری، نقل و حمل کے کرایوں، گھر میں میں انٹر نیٹ تک رسائی چارجز وغیرہ کے لیے اسکول سے متعلق اعانت کے لیے براہ راست SWD کو درخواست دینی ہے۔ انہیں SFO کو درخواست جمع کرانے کی ضرورت نہیں۔

(ii) امیدواران کی جانب سے"الیکٹرانک ہاؤس ہولڈ ایپلیکیشن فارم برائے طالب علم مالیاتی معاونت اسکیمز"آن لائن درخواست فارم برائے سال 2024/25 جمع کرائے جانے کی صورت میں انہیں SFO کو علیحدہ سے کاغذ پر مبنی درخواست فارم جمع کرانے کی ضرورت نہیں۔


Printed by the Government Logistics Department

(iii) **عام حالات میں (ماسوائے پری پرائمری طلباء کے لیے مالی معاونت)، SFO یکم 1 مارچ 2025 کو یا اس کے بعد پیش کردہ "طالب علم مالیاتی معاونت اسکیمز کے لیے کسی بھی گھریلو درخواست" کو قبول نہیں کرے گا۔ انفرادی مالی معاونت کی اسکیموں کے لیے درخواست دینے کی آخری تاریخ کا اندراج درج ذیل جدول میں ہے۔**

| مالی معاونت کی اسکیمیں | درخواست کی حتمی تاریخ |
| --- | --- |
| **کنڈر گارٹن اور چائلڈ کیئر سینٹر فیس کی رعائتی اسکیم (KCFR)** | **درخواست دہندگان اپنے درخواست فارمز تعلیمی سال 2024/25 میں شریک کلاسز کی تکمیل سے قبل یا 15 اگست 2025 تک، جو کوئی بھی پہلے ہو، SFO کو جمع کرا دیں۔ بصورت دیگر فیس میں رعایت نہیں دی جائیگی چاہے وہ وسائل امتحان پاس کر کے معیار اہلیت پر پورا ہی کیوں نہ اتر سکتے ہوں۔ فیس میں رعایت کا مؤثر ماہ وہ مہینہ ہوگا جس میں درخواست دہندہ کی جانب سے درخواست جمع کرائی گئی ہو یا وہ مہینہ جس میں درخواست دہندہ طالب علم کو کنڈر گارٹن / چائلڈ کیئر سینٹر میں داخل کرایا گیا ہو، یا ان میں سے جو بعد میں ہو۔** |
| **کنڈر گارٹن طلباء کے لیے اسکول سے متعلق اخراجات کے لیے گرانٹ (Grant-KG)** | **درخواست گزار تعلیمی سال 2024/25 میں شریک کلاسز کی تکمیل سے قبل یا 15 اگست 2025 تک، جو کوئی بھی پہلے ہو، اپنے درخواست فارم SFO کو جمع کروا دیں۔ بصورت دیگر (Grant-KG) عموماً انہیں تقسیم نہیں کی جائے گی چاہے وہ وسائل امتحان پاس کر کے معیار اہلیت پر پورا ہی کیوں نہ اتر کتے ہیں۔** |
| **اسکول ٹیکسٹ بک معاونت اسکیم (TA)** | **درخواست گزار 31 اکتوبر 2024 تک یا اس سے قبل اپنے درخواست فارم SFO کو جمع کروا دیں۔ بصورت دیگر اسکول ٹیکسٹ بک معاونت عموماً انہیں جاری نہیں کی جائیں گی چاہے وہ وسائل امتحان پاس کر کے معیار اہلیت پر پورا ہی کیوں نہ اتر سکتے ہیں۔** |
| **طالب علم سفر سبسڈی (STS) اسکیم** | **ایسے درخواست دہندگان جنہوں نے 1 نومبر 2024 یا اس کے بعد اپنے درخواست فارم جمع کرائے، وسائل امتحان پاس کر کے معیار اہلیت پر پورا اتر سکتے ہیں، کامیاب طالب علم درخواست دہندگان کو طالب علم سفر سبسڈی (اگر قابل اطلاق ہو) کی ادائیگی درخواست کی وصولی کی تاریخ یا اسکول میں درخواست دہندہ طالب علم کے داخلے کی تاریخ (یا پہلے سے CSSA وصول کرنے والے طلباء کے لیے CSSA کے خاتمے کی تاریخ) سے مؤثر ہو سکتی ہے، اس کا انحصار مختلف افراد کے معاملات سے ہے۔** |
| **انٹر نیٹ رسائی چارجز کے لیے سبسڈی (SIA) اسکیم** | **ایسے درخواست دہندگان کے لیے جنہوں نے 1 فروری 2025 (یعنی کہ 2024/25 کے نصف آخر میں اپنے درخواست فارم جمع کرائے ہوں تو)، کامیاب درخواست دہندگان کو SIA کی جزوی ادائیگی کی سکتی ہے، بشرطیکہ وہ وسائل امتحان میں کامیابی حاصل کر سکتے ہوں۔** |

(iv) SFO بذریعہ درخواست دہندہ کے ہانگ کانگ موبائل فون نمبرز پر SMS یا تحریری (اس کا اطلاق ایسے درخواست دہندہ پر ہوتا ہے جو ہانگ کانگ کا فون نمبر دینے سے قاصر ہیں) درخواستوں کی وصولی تسلیم کرے گا۔ درخواست دہندگان اپنے جمع کرائے گئے درخواست فارم 20 کاروباری دنوں میں SFO کی جانب سے بذریعہ SMS یا تحریری، درخواست کی وصولی کا کوئی جواب موصول نہ ہونے کی صورت میں براہ کرم SFO کی انکوائری ہاٹ لائن (2802 2345) پر کال کریں تاکہ جانچ کی جائے کہ آیا انکی درخواستیں SFO کو موصول ہو گئیں ہیں یا نہیں اور غلط یا فراہمی میں ناکامی کے باعث درخواستوں میں تاخیر سے بچا جائے۔

(v) اگر درخواست گزار کے خاندان کی تفصیلات میں قابل ذکر تبدیلیاں ہوتی ہیں (مثلاً خاندان کی ہئیت ترکیب، مالی صورتحال، وغیرہ) جو کہ تخمینے کے بعد ہو (یعنی 1 اپریل 2023 تا 31 مارچ 2024)، تو درخواست گزار متعلقہ معاونتی دستاویزات کے ساتھ ہمیں تحریری طور پر مطلع کر سکتا ہے۔ SFO ہر کیس کو انفرادی اہلیتوں کے حساب سے زیر غور لائے گا۔

## وسائل ٹیسٹ اور معاونتی درجہ

(i) SFO ایک خاندان کے لیے طالب علم مالیتی معاونت اور اس کی معاونتی درجہ کی اہلیت کی جانچ کے لیے "ایڈجسٹڈ فیملی انکم" (AFI) کے طریقہ کار کو بروئے کار لائے گا۔

$$\text{AFI} = \frac{\text{خاندان کی مجموعی سالانہ آمدنی}}{\text{خاندان کے افراد کی تعداد} + (1)}$$

(ii) خاندان کی مجموعی سالانہ آمدنی میں درخواست گزار اور اس کی/کا شریک حیات کی سالانہ آمدن شامل ہے؛ اگر قابل اطلاق ہو خاندان کے ساتھ رہائش پزیر غیر شادی شدہ بچے/ بچوں کی سالانہ آمدنی کا 30%؛ اور رشتہ داروں/دوستوں کی طرف سے امداد و شراکت اگر قابل اطلاق ہو۔

(iii) ایک خاندان کے ارکان سے عام طور پر درخواست گزار، اس کا/ کی شریک حیات، غیر شادی شدہ بچے/ خاندان کے ساتھ رہائش پذیر بچے اور درخواست گزار کی جانب سے کی جاتی ہے۔

(iv) 2 سے 3 ارکان کے ایک واحد والدین کے لیے؛ AFI فارمولا کے تقسیم کار میں "1جمع عنصر" کو 2 تک بڑھا دیا جائے گا۔

(v) تعلیمی سال 2024/25 میں معاونت کی مختلف سطحوں کے لیےAFI اہلیت معیارات مندرجہ ذیل جدول میں درج ہیں۔ براہ کرم نوٹ فرما لیں کہ AFI ایک خاندان کی اوسط ماہانہ آمدنی نہیں ہے۔

| 2024/25اسکول سال - AFI گروپس (HK$) | معاونت کا درجہ |
|---|---|
| 0 – 44,495 | مکمل (100%) * |
| 44,496 – 86,039 # | نصف (50%) |
| > 86,039 | نا اہل<br>(درخواستیں ناکامیاب رہیں) |

*AFI کا نقطہء آغاز جو کہ کلی سطح کی اعانت کے لیے 3- رکنی اور 4- رکنی ارکان خاندان کے لیے ہے وہ $53,868 اور $49,559 بالترتیب ہے جو کہ سکول سال 2024/25 سے متعلقہ ہے۔ 2- رکنی خاندانوں اور 3- رکنی ایک- والدین والے خاندانوں کے لیے، یہ صورت ہے کہ ان کو کُلی سطح کی معاونت اور AFI کے شمار کی غرض سے 3- رکنی خاندانوں اور 4- رکنی خاندانوں کے طور پر بالترتیب تصور کیا جاتا ہے تاکہ AFI نقطہء آغاز کا تعین کیا جا سکے۔

# پری- پرائمری طالب علموں کی مالیاتی اعانت کے لیے، معاونت کا درجہ 3/4 (75%) ہے اگر AFI خاندانوں کا $44,496 اور $54,505 کے مابین ہو؛ اور معاونت کا درجہ نصف (50%) ہے اگر AFI جو ہے وہ $54,506 اور $86,039 کے مابین ہو۔

## سبسڈی کا اجراء

- پرائمری اورسیکنڈری طلبا کے لیے مالی اعانت کے لیے SFO اہل درخواست دہندگان کو آٹو پے کے ذریعے مالی اعانت فراہم کریں گے۔ (نوٹ: TA اور SIA کی عبوری رقم اہل درخواست دہندگان کوعام طور پر تقریباً جولائی /اگست سے تقسیم کی جاتی ہے جب کہ STS عام طور پر تقریباً اواخر اکتوبر / نومبر ما بعد سے جاری کیا جاتا ہے۔ نئے درخواست دہندگان کو عام طور پر اواخر اکتوبر / نومبر یا بعد میں سبسڈی فراہم کی جائےگی۔)
- پری- پرائمری طالب علموں کے لیے مالیاتی معاونت کے لیے، فیس میں چھوٹ کے لیے منظور شدہ رقم کنڈر گارٹن/ چائلڈ کیئر سینٹر کو ادا کی جائے گی جو کہ براہ راست ٹریژری کی جانب نتیجے کی اطلاع کے اجراء کے بعد 10 کاروباری ایام کے اندر دی جائے گی۔ درخواست گزاروں کے لیے ادائیگی بعد ازاں کنڈر گارٹن/ چائلڈ کیئر سینٹر کی طرف سے بندوبست کیا جائے گا۔ کنڈرگارٹن طلباء کے لیے اسکول سے متعلقہ اخراجات کے لیے گرانٹ خودکار ادائیگی کے ذریعے اہل درخواست دہندگان میں تقسیم کر دی جائے گی۔ (نوٹ: SFO متعلقہ اسکولوں کے اہل کامیاب درخواست گزاروں میں فیس ڈسبرس کریں گے اور کنڈر گارٹن طلباء کے لیے اسکول سے متعلق اخراجات کے لیے گرانٹ ایک از خود ادائیگی کے ذریعے درخواست گزاروں کے بینک اکاؤنٹ میں جمع ہو جائے گی اور یہ ان بیچز کے لیے ہے جن کا آغاز اواخر ستمبر 2024 سے ہو رہا ہے۔)

## استفسار

- ایسے استفسارات کے لیے جو کہ مالی معاونت کی اسکیمیں اور درخواست کے طریقہ ہائے کار سے متعلق ہوں تو، براہ مہربانی ہماری 24-گھنٹے کی انکوائری ہاٹ لائن 2802 2345 پر کال کریں۔ اگر درخواست گزاران انگریزی کے علاوہ درخواست کے مسائل کے حوالے سے 8 زبانوں (بشمول بھاشا انڈونیشیا، ہندی، نیپالی، پنجابی، تگالوگ، تھائی، اردو اور ویت نامی) کو اِستعمال کرنا چاہتے ہیں تو، جب وہ ہاٹ لائن پر کال کریں تو، براہ مہربانی "دیگر زبانوں" کا آپشن منتخب کریں جو کہ '4' کے دبانے سے آئے گا جب کہ ٹیلیفون لائن کنکٹ ہو جائے گی۔ متبادل کے طور پر درخواست دہندگان مزید معلومات کے لیے مالی تعاون برائے طلبہ اور ورکنگ فیملی کی ایجنسی کے ویب سائٹ (www.wfsfaa.gov.hk) پر جا سکتے ہیں۔
- درخواست گزاران ہم آہنگی سے متعلقہ نسلی اقلیتی مرکز (CHEER) سے بذریعہ فون رابطہ کر سکتے ہیں اگر ترجمہ اور ترجمانی کی سروسز انگریزی میں ہوں اور اگر 8 دیگر زبانوں کے لیے معاونت مطلوب ہو۔ CHEER کے ہاٹ لائن نمبرز ذیل میں درج ہیں – بھاشا انڈونیشیا؛(3755 6811) ہندی؛(3755 6877) نیپالی؛(3755 6822) پنجابی؛(3755 6844) تگالوگ ;(3755 6855) تھائی؛(3755 6866)اردو(3755 6833) اور ویت نامی(3755 6888) ہیں۔

درخواست گزاران CHEER کے ہوم پیج (http://www.hkcscheer.net) پر رابطہ کر سکتے ہیں تاکہ اپنی خدمات کی تفصیل پیش کر سکے۔